پبلک چارٹر اسکول
= طالب علم کی کامیابی

یہ عظیم پبلک اسکولوں کے بارے میں ہے۔

CharterNYC.org
پر مزید جانیں

فیس بک اور ٹوئیٹر پر ہم سے جڑیں! @nyccharters

www.nycCharterSchools.org

111 Broadway, Suite 604
New York, NY 10006
212.437.8300

NEW YORK CITY
CHARTER SCHOOL
CENTER

چارٹر سکولز تمام طلباء کے لیے ہیں

کیا آپ جانتے ہیں کہ چارٹر سکول نیویارک شہر کے تمام طلباء کے لیے مفت سرکاری سکول ہیں؟ آج 300 سکول ہر طرح کے پس منظر کے حامل بشمول انگریزی زبان کے طلباء اور خصوصی ضروریات والے 140 000 طلباء کو خدمات فراہم کر رہے ہیں۔ چارٹر سکولز طلباء کو انکے تعلیمی پس منظر کی بنیاد پر منتخب نہیں کرتے۔ والدین صرف ایک سادہ سا درخواست فارم پُر کرتے ہیں اور طلباء کو ایک جزافی قرعہ اندازی کے ذریعے منتخب کیا جاتا ہے۔ چارٹر سکولز پری-کنڈرگارٹن سے لے کر ہائی سکول تک کے طلباء کو تعلیم دیتے ہیں اور یہ نیویارک شہر کے پانچوں اضلاع میں موجود ہیں۔



5 بروز میں چارٹر اسکولز

CharterNYC.org
پر مزید جانیں

چارٹرز طلباء کو کالج اور کیریئر کے لیے تیار کرتے ہیں

مطالعات سے پتہ چلتا ہےکہ نیویارک شہر میں ملک کے اندر اعلی ترین کارکردگی کے حامل چارٹر سکول سیکٹرز میں سے ایک ہے۔ تازہ ترین امتحانی اعدادوشمار سے پتہ چلتا ہے کہ چارٹر سکول کے طلباء نے اپنے ضلعی معاصرین بالخصوص کالے اور لاطینی طلباء کی نسبت تسلسل سے ریاستی تعلیمی امتحانات کو اعلی درجوں سے پاس کیا۔ 2023-24 کے تعلیمی سال میں، متعدد چارٹر سکولوں کے امتحانی نتائج ریاست بھر میں بہترین تھے!

چارٹرزاختراع کرتے ہیں!

چارٹر سکولز نیویارک شہر کے محکمہ تعلیم سے خودمختار حیثیت میں کام کرتے ہیں۔ اس سے انہیں اپنے سکولوں کو چلانے، اپنے تعلیمی پروگرام مرتب کرنے اور عملہ بھرتی کرنے کے طریقوں میں زیادہ لچک ملتی ہے۔ متعدد چارٹر سکول نہ صرف انگریزی اور ریاضی کے اہم مضامین پر زور دیتے ہیں بلکہ آرٹس، سائنس اور زبان دانی کے پروگراموں کی بھی پیشکش کرتے ہیں۔ چارٹر سکول اکثر اوقات سکھانے کے جدید طریقے استعمال کرتے ہیں مثلاً سکول کے دن اور سال طویل ہوتے ہیں ، جس سے کالج اور کیریئر کے سلسلے میں تیاری کے لیے طلباء کی کامیابی میں مدد ملتی ہے۔

"مجھے اپنی 6 سالہ بیٹی کے اسکے چارٹر سکول میں اساتذہ تک مسلسل رسائی پسند ہے۔ مجھے اپنی بیٹی کی تعلیم میں حقیقتاً ایک شراکت دار ہونے کا احساس ہوتا ہے۔ مجھے جُڑے رہنے کے لیے کلاس رومز کا مشاہدہ کرنے اور طلباء کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے ہمیشہ خوش آمدید کہا جاتا ہے۔"

- ویلری بیب ، ہارلیم لنک،چارٹر سکول طالبعلم کے والدین

درخواست کیسے دی جائے - آخری تاریخ گذرنے نا دیں

عام طور پر آئندہ سال کے لیے درخواستیں جمع کروانے کا عرصہ اکتوبر سے لے کر یکم اپریل تک ہوتا ہے۔ بہت سے چارٹر سکول سال بھر درخواستیں وصول کرتے ہیں اور کوئی نشست دستیاب ہونے پر درخواست گذاروں کے خاندانوں کو آگاہ کریں گے۔

چارٹر سکول میں داخلے کی درخواست دینے کے تین آسان طریقے ہیں:

1. آپ عمومی آن لائن چارٹر سکول درخواست کے ذریعے درخواست جمع کروا سکتے ہیں جس سے آپ مختلف سکولوں کے لیے بیک وقت درخواست دے سکتے ہیں۔ charternyc.org/apply-online/ کو آج ہی وزٹ کریں!
2. آپ کسی بھی چارٹر سکول کی ویب سائٹ پر وزٹ کر کے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں یا کاغذی درخواست ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔
3. آپ اپنی پسند کے سکول جا کر وہاں سے ذاتی طور پر درخواست فارم حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنے قرب و جوار میں چارٹر سکولز تلاش کرنے کے لیے nycharterschools.org/school-search کا وزٹ کریں۔